اعلیٰ حضرت مجددِ دین وملت امام اہلسنت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے ارشادات کا مجموعہ
مع تخریج و تسہیل
مسمّٰی بنام تاریخی الملفوظ
معروف بہ
رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت
مکمل 4 حصے
مؤلف: شہزادۂ اعلیٰ حضرت، تاجدارِ اہلسنت مفتیٔ اعظم ہند حضرت مولانا
محمد مصطفےٰ رضا خان
مکتبۃ المدینہ
(دعوتِ اسلامی)
SC 1286
المدینۃ العلمیۃ
(دعوتِ اسلامی)

اعلیٰ حضرت مجدِدِ دین وملت امامِ اہلسنّت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے اِرشادات کا مجموعہ

مُسَمّٰی بنامِ تاریخی

اَلمَلفُوظ (مکمل 4 حصے)

۱۳۳۸ھ

معروف بہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿مع تخریج وتسہیل﴾

مؤلّف:

شہزادۂ اعلیٰحضرت تاجدارِ اہلسنّت مفتیٔ اعظم ہند

حضرتِ علامہ مولانا محمد مصطفٰے رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

ناشِر

مکتبۃُ المدینہ بابُ المدینہ کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ط

نام کتاب: **الملفوظ**

پیش کش: مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیّۃ

سِنِ طَباعت: 12 جُمادَی الاُخریٰ 1430ھ، بمطابق 5 جون 2009ء

قیمت:

ناشر: **مکتبۃ المدینہ** فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)
E.mail:ilmia26@dawateislami.net
E.mail.maktaba@dawateislami.net

Ph:4921389-90-91 Ext:1268

توکُّل کی تعریف

اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولیٰنا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں: توکُّل ترکِ اسباب کا نام نہیں بلکہ اعتماد علی الاسباب کا ترک ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲۴ ص۳۷۹) یعنی اسباب ہی کی چھوڑ کر دینا توکُّل نہیں ہے توکُّل تو یہ ہے کہ اسباب پر بھروسہ نہ کرے۔

کیا آدم علیہ السلام رسول بھی تھے؟

عرض: آدم علیہ الصلوۃ والسلام رسول[1] بھی تھے؟

ارشاد : ہاں۔ (عمدۃالقاری شرح صحیح البخاری، کتاب بدؤالوحی،باب کیف کان بدء الوحی......الخ،ج۱،ص۳۸)

اوّلُ الرُّسُل کون؟

عرض : نوح علیہ الصلوۃ والسلام کو اوّلُ الرُّسُل کہا جاتا ہے یہ کس وجہ سے؟

ارشاد : کافِروں کی طرف جو رسول بھیجے گئے ہیں ان میں سب سے اوّل حضرت نوح علیہ الصلوۃ والسلام ہیں۔آپ سے پہلے جو نبی تشریف لائے وہ مسلمانوں کی طرف بھیجے جاتے تھے۔(تفسیر الخازن، البقرۃ ۲۱۳،ج۱، ص۱۵۰)

کلبِ علی کے معنی

عرض : کلبِ علی کے کیا معنی ہیں؟

ارشاد: علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی سرکار کا کتا۔

کیا کسی نے "کلب" نام رکھا

عرض : اولیائے کرام میں بھی کسی کا نام کلب ہوا ہے؟

ارشاد : سلف صالحین صحابہ تابعین میں کلب کلیب کلاب نام ہوئے۔ (تھذیب التھذیب،حرف الکاف،ج۶،ص۵۸۶،۵۹۵)

خاندانِ سَلاریہ سے بیعت

عرض : خاندان سَلاریہ بھی کوئی خاندان بیعت ہے۔

ارشاد : نہیں۔حضرت سیدی سالار مسعود غازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مجاہد تھے۔شہید ہوئے ہیں تو کیا ہر شہید سے بیعت کا سلسلہ شروع ہوجائے گا؟

---

[1] نبی اس بشر کو کہتے ہیں جسے **اللہ** تعالیٰ نے ہدایت کے لئے وحی بھیجی ہو اور رسول بشر ہی کے ساتھ خاص نہیں بلکہ ملائکہ میں بھی رسول ہیں (شرح العقائد نسفیہ ص ۱۷،۱۷۷) نبی وہ ہے جس کی طرف وحی شرع کی گئی ہو اور رسول وہ ہے جو وحی شرع کے ساتھ ساتھ مامور بالتبلیغ بھی ہو۔لہذا ہر رسول نبی ہے مگر اس کا عکس نہیں (یعنی ہر نبی رسول نہیں)۔(المعتقد المنتقد،۱۰۵)